دکھی انسانیت کی خدمت صدقہ جاریہ ہے: چوہدری فرخ الطاف

ضلع حکومت بنیادی مرکز صحت میں جدید سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، ضلع ناظم جہلم

دینہ (نمائندہ ایکسپریس) دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرنا بہت بڑی نیکی ہے غریب نادار اور بے آسرا مریضوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی عظیم خدمت اور صدقہ جاریہ ہے یہ بات چوہدری فرخ الطاف ضلع ناظم جہلم نے گزشتہ روز پرائمری ہیلتھ سنٹر دینہ میں انجمن بہبودی مریضاں دینہ و ڈنمارک کے رہنما ابن مسعود راہی کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ جہلم پرائمری ہیلتھ سنٹر میں صحت کی جدید و بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن مدد کرے گی تقریب میں انجمن بہبودی مریضاں ڈنمارک شاخ کے راہنما ابن مسعود راہی نے پرائمری ہیلتھ سنٹر کے الاقبال آئی بلاک کی ترقی و توسیع کیلئے پانچ لاکھ تیس ہزار روپے کے فنڈز دیئے اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غریبوں کی فلاح و بہبود کیلئے اس کار خیر مہم میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کمیونٹی نے بڑھ چڑھ کر عطیات دیئے ہیں۔